الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

بحوالہ پرنٹ میڈیا

مورخہ 16 اگست 2018ء

میڈیا پر چلنے والے مبینہ بیانات پر الیکشن کمیشن کا ردعمل

پچھلے چند دنوں سے مختلف میڈیا پر ایسی خبریں گردش کر رہی ہیں کہ نگران سیٹ اپ میں شامل جن میں نگران وفاقی وزیر داخلہ اعظم خان اور نگران وزیر اعلی خیبر پختونخوا دوست محمد سے منسوب بیانات شامل ہیں کہ مبینہ طور سے انتخابات میں شفافیات پر تبصرہ کیا ہے۔

ان تبصروں پر الیکشن کمیشن نے رد عمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ نگراں حکومتوں میں شامل حضرات کا مقصد ہی انتخابات کی شفافیت برقرار رکھنے میں الیکشن کمیشن کو تعاون فراہم کرنا تھا۔ یہ حکومت میں شامل تھے کم از کم غیر جانبداری سے کسی بھی نشان دہی کی توفیق رکھتے اور الیکشن کمیشن کے نوٹس میں لے آتے اس وقت یہ کہاں تھے جب الیکشن کمیشن انتخابات منعقد کروا رہا تھا۔ بد قسمتی سے جو لوگ اس تاریخ کا حصہ بن نہ سکے اب تاریخ لکھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے صاف، شفاف اور بہترین انتخابات کرائے ہیں جسکی گواہی پوری دنیا دے چکی ہے۔

ترجمان الیکشن کمیشن آف پاکستان {الطاف احمد}